Visit of Minister of State for External Affairs Shri V.Muraleedharan to South Sudan (October 20-22, 2021)

October 25, 2021

وزیر مملکت برائے امور خارجہ جناب وی مرلی دھرن کا جنوبی سوڈان کا دورہ (20-22 اکتوبر 2021)

25 اکتوبر، 2021

وزیر مملکت برائے امور خارجہ اور پارلیمانی امور جناب وی مرلی دھرن [ایم او ایس (وی مرلی دھرن) 20 سے 22 اکتوبر 2021 تک جوبا (جنوبی سوڈان) کے سرکاری دورے پر تھے۔ پانچ سال سے زیادہ عرصے میں ہندوستان کی طرف سے ۔ جنوبی سوڈان کے لئے یہ پہلا وزارتی دورہ تھا۔

2۔ وزیر مملکت برائے امور خارجہ (وی مرلی دھرن) نے خارجہ امور اور بین الاقوامی تعاون کے وزیر جناب مائیک ایی دینگ سے ملاقات کی۔ دونوں فریقین نے موجودہ تعلقات کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیا اور زراعت، لائیو سٹاک، تعلیم، صحت کی دیکھ بھال اور آئی ٹی سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کو وسعت دینے پر آمادگی ظاہر کی۔

3۔ جنوبی سوڈان کو کولیشن فار ڈیزاسٹر ریسیلینٹ انفراسٹرکچر (CDRI) میں شامل ہونے کی دعوت دی گئی۔ جنوبی سوڈان کی پارلیمانی امور کی وزیر محترمہ میری ناوائی مارٹن کے ساتھ ملاقات میں، ہندوستان نے جنوبی سوڈان کے ساتھ پارلیمانی طریقہ کار اور طرز عمل کو تیار کرنے میں اپنے تجربات کو شیئر کرنے کے لیے اپنی تیاری کا اظہار کیا، اور صلاحیت سازی کے مختلف تربیتی کورسز کی پیشکش کی۔

4۔ اس دورے میں جنوبی سوڈان کے پہلے نائب صدر عزت مآب ڈاکٹر ریک مچار ٹینی دھرگن کے ساتھ ایک ملاقات بھی شامل تھی۔ وزیر مملکت برائے وزیر خارجہ (وی مرلی دھرن) نے دونوں ممالک کے درمیان دو طرفہ تجارت اور ہندوستانی سرمایہ کاری کی ترقی کے لیے غیر استعمال شدہ امکانات پر زور دیا اور ان کی توجہ جنوبی سوڈان میں ہندوستانی کاروباریوں کو درپیش رکاوٹوں کی طرف مبذول کرائی۔ عزت مآب ریک مچار نے جنوبی سوڈان میں ہندوستانی سرمایہ کاروں کے لیے سرمایہ کار دوستانہ ماحول بنانے کا یقین دلایا۔

5۔ جمہوریہ جنوبی سوڈان کے صدر عزت مآب سلوا کیر مایارڈٹ کے ساتھ ملاقات میں، جنوبی سوڈان میں تنازعات کے حل سے متعلق احیاء شدہ معاہدے (R-ARCSS) میں جاری امن عمل کے لیے ہندوستان کی حمایت کا اعادہ کیا گیا۔ صدر سلوا کیر نے صحت کے شعبے میں ہندوستان کے تعاون کی خواہش کی اور جنوبی سوڈان میں مقیم ہندوستانی برادری کے دیرینہ مطالبات پر غور کرتے ہوئے جوبا میں ہندو شمشان گھاٹ اور ایک مندر کے لیے زمین مختص کرنے کی منظوری کا اعلان کیا۔

6۔ اس دورے میں ہندوستانی کمیونٹی کے ساتھ بات چیت اور ہندوستانی کاروباریوں کے ساتھ ایک سیشن شامل تھا۔ وزیر مملکت برائے امور خارجہ (وی مرلی دھرن) نے اقوام متحدہ کے مشن کے تحت انڈین آرمی فیلڈ ہسپتال، بی اے پی ایس ہندو مندر اورڈاٹرس آف میری ایمیکولیٹ کے بلڈنگ (ایک ہندوستانی مذہبی جماعت) کا بھی دورہ کیا۔ جنوبی سوڈان میں ہندوستانی کمیونٹی نے ایم او ایس (وی مرلی دھرن) کا تہہ دل سے خیر مقدم کیا، اور اتنے سالوں بعد ہندوستانی وزیر کا استقبال کرنے پر خوشی محسوس کی۔

7۔ وزیر مملکت برائے امور خارجہ (وی مرلی دھرن) کا جنوبی سوڈان کا دورہ دو طرفہ تعلقات کو فروغ دینے کے لیے ایک اہم پیشرفت ہے۔

نئی دہلی

25 اکتوبر، 2021

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.